Prince William County
PUBLIC SCHOOLS
Providing A World-Class Education

1 ستمبر، 2017

عزیز والدین/سرپرست:

کیا آپ کا طالبعلم/طالبہ سکول یا دیگر جگہوں پر آتے جاتے وقت محفوظ رہنے کے اصول جانتا/جانتی ہے؟

ابھی سکول شروع ہوئے چند دن ہی ہوئے ہیں کہ طلباء کی طرف سے اجنبیوں سے بات کرنے یا ان کے ساتھ سفر کرنے جیسے قابل اعتراض فیصلوں کی رپورٹیں سامنے آ رہی ہیں۔ براہ مہربانی اپنے طالبعلم/طالبہ کو کچھ بنیادی حفاظتی ہدایات کی یاد دہانی کیلیئے وقت نکالیئے۔

1. اجنبیوں کی طرف بڑھنے یا بات چیت کرنے سے گریز کریں؛
2. اجنبیوں سے کبھی سواری کی پیشکش قبول مت کریں اور حتی کہ کسی جاننے والے سے بھی غیر متوقع سواری کی پیشکش لینے سے پہلے والد والدہ یا سرپرست سے اجازت لیں؛ اور
3. مشکوک افراد یا گاڑیوں سے خبردار رہیں، اور کسی بھی ایسے غیر معمولی واقعے یا صورت حال سے والد والدہ، سکول کے حکام، قابل اعتبار بالغ یا پولیس کو مطلع کریں جہاں وہ پریشانی محسوس کرتے ہیں۔

پرنس ولیئم کاونٹی پبلک سکولز کی سیکوریٹی کسی مخصوص واقعے اور حفاظتی خدشات کی تحقیقیات میں پولیس کے ساتھ مل کر کام کرتی ہے۔ لیکن والدین طلباء کو ان سادہ احتیاطی تدابیر کی یاد دہانی کروا کے بہت بڑا فرق ڈال سکتے ہیں جو پورے تعلیمی سال کے دوران انہیں محفوظ رکھنے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔

آپ کا شکریہ،

Keith Imon
ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ

MR. KEITH A. IMON
Deputy Superintendent of Schools

P.O. BOX 389, MANASSAS, VA 20108 • WWW.PWCS.EDU • 703.791.8703, FAX 703.791.6116